25/06/2026

9.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اشفاق امین**

کمیٹی میٹنگ

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کی استحقاق کمیٹی کی میٹنگ اسمبلی سیکرٹریٹ میں چیئرمین جسٹس حسنین مسعودی کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں زیرِ التوا استحقاق معاملات کے جلد از جلد تصفیے اور اراکینِ اسمبلی کے استحقاق کے تحفظ پر زور دیا گیا۔ کمیٹی نے تین استحقاق تحریکوں پر نوٹس جاری کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو آٹھ جولائی کو آئندہ میٹنگ میں حاضر ہونے کی ہدایت دی۔

جموں

ڈویژنل کمشنر جموں رمیش کمار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس جموں زون بھیم سین توتی نے شری امرناتھ جی یاترا 2026 کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بھگوتی نگر یاتری نواس اور توی رِور فرنٹ ٹوکن و رجسٹریشن مرکز کا دورہ کرکے رہائش، طبی سہولیات، پینے کے صاف پانی، سیکورٹی، ٹریفک اور رجسٹریشن کے انتظامات کا معائنہ کرنے کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کو تمام انتظامات بروقت اور
مو

ثر انداز میں مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ئ

محرم الحرام

محرم الحرام کی مناسبت سے کل وادی بھر میں عزاداری کے جلوس نکالے گئے۔علم شریف کا سب سے بڑا جلوس سرینگر کے گرو بازار سے ڈلگیٹ کی طرف بر آمد کیا گیا جس میں مختلف اضلاع سے آئے ہوئے عزاداروں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ۔

عقیدت مند وں نے مرثیہ اور نوحہ خوانی کر کے حضرت امام حسینؑ اور شہدائے کربلا کو خراج عقیدت پیش کیا۔

-----Nouha------

انتظامیہ نے جلوس کے احسن اور پر امن انعقاد کے لئے حفاظت کے سخت بندوبست کئے تھے ۔ اس دوران10محرم کو منائے جانے والے یوم عاشورہ کے سلسلے میں بھی تیاریوں اور انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے

مندیپ کور

پانی کے تحفظ ،دیر پا اِنتظام اور دوبارہ اِستعمال کے فروغ دینے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے واٹر ریسورس ریکوری سیل کی میٹنگ کمشنر سیکرٹری مکانات و شہری ترقی مندیپ کور کی صدارت میں منعقد ہوئی۔میٹنگ میں گندے پانی کو صاف کر کے غیر پینے کے مقاصد کے لئے دوبارہ استعمال کرنے کی حکمت عملیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

میٹنگ میں اَفسران نے کہا کہ محکمہ مکانات و شہری ترقی پانی کی فراہمی، سیوریج اور آبی ذخائر کی بحالی کے مختلف منصوبے عملا رہا ہے۔ جموں و کشمیر کو سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹوں کو بہتر بنانے کے لئے اَب تک دس کروڑ 50 لاکھ روپے کی رقم حاصل ہوئی ہے۔

منریگا سکیم

جموں و کشمیر میں یکم جولائی سے منریگا کہ جگہ وکست بھارت Guarantee for Rozgaar و اجیویکا مشن دیہی سکیم نافذ ہو گی ۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے اس نئی سکیم کو منظوری دے دی ہے ۔ اس کے تحت دیہی گھرانوں کو سالانہ 125 دن کے روزگار کی ضمانت دی جائے گی ۔ حکومت کے مطابق سکیم کا مقصد روزگار کے مواقعہ بڑھانا ، دیہی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانا اور پائیدار ترقی کو فروغ دینا ہے ۔

ورکشاپ

انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمہ نے سرینگر میں کشمیر یونیورسٹی اور نیشنل ای گورننس ڈویژن کے اشتراک سے ڈیٹا کے سائبر تحفظ سے متعلق ایک مشاورتی ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ ورکشاپ میں

سائبر سکیورٹی، ڈیٹا کے تحفظ، سرکاری ڈیجیٹل نظام کی سلامتی اور سائبر خطرات سے نمٹنے کی حکمتِ عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ورکشاپ میں شرکاءکی طرف سے پیش کی گئیں سفارشات قومی ای گورننس ڈویژن کو بھیجی جائیں گی تاکہ ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں سائبر سکیورٹی کے نظام کو مزید
مو

ثر بنایا جا سکے۔ئ

روزگار میلہ

شوپیاں کے زیر اہتمام ”روزگار اور خود District Employment and Counselling Centre روزگاری کے لیے ایک پلیٹ فارم“ کے عنوان سے روزگار میلہ منعقد ہوا۔ میلے کا افتتاح ڈپٹی کمشنر ششر گپتا نے کیا۔ میلے میں پانچ سو سے زائد نوجوانوں اور بیس معروف اداروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر مشن یووا کے تحت مستحقین میں کمرشل گاڑیوں کی چابیاں اور نو منظور شدہ کاروباری افراد میں کاروبار کے منظوری نامے بھی تقسیم کیے گئے۔

تربیتی پروگرام

جموں و کشمیر رورل لائیولی
ہ

ڈز مشن کے کمیونٹی ریسورس پرسنز کے لیے انٹرپرینیورشپ پر ایک ہفتہ طویل تربیتی ± اختتام پذیر ہوا۔ پروگرام کا انعقاد نیشنل انسٹی چیوٹ فار انٹرپرینیورشپ اینڈ IMPARD پروگرام سمال بزنس ڈیولپمنٹ نے کیا۔

اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مشن ڈائریکٹر ڈاکٹر شبھرا شرما نے کہا کہ تربیت یافتہ کمیونٹی ریسورس پرسنز دیہی علاقوں میں روزگار، خود انحصاری اور پائیدار کاروباری سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 اعشاریہ3ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ22 اعشاریہ2ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ